نے شائع کیا ہے۔ کاغذ سفید۔ طباعت اور کتابت بہتر، جلد مضبوط، ضخامت ۱۱۴ صفحے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔

کتاب کے مترجم مولانا ابوظفر نے اصل کتاب کے بارے میں تحریر فرمایا ہے:

"رسالۂ مناقب مجھے پٹن (گجرات) کے اس کتب خانے سے دستیاب ہوا جہاں حضرت شیخ علامہ محمد بن طاہر کے کتب خانے کی بچی کھچی کتابیں باقی رہ گئی ہیں۔ یہ چھوٹے سائز پر مختصر سا رسالہ ہے۔ اس کی زبان فارسی اور خط نستعلیق ہے۔ کہا جاتا ہے کہ عربی میں بھی ایک رسالہ آپ کے سوانح میں لکھا گیا ہے اور بعض لوگوں نے کہا ہے کہ اس عربی رسالے کا ترجمہ فارسی میں ہے جو ہدیۂ ناظرین ہے۔ پٹن کے مختصر حالات اور اس عہد کی سیاست اور خانہ جنگی کو اس لیے تحریر کیا ہے تاکہ ناظرین کو اندازہ ہو سکے کہ علامۂ موصوف نے کیسی فضا میں تبلیغ کا مرحلہ طے کیا ہے۔ مہدویوں کا حال ذرا تفصیل سے تحریر کیا ہے۔ کیونکہ لوگ ان کے حالات سے آج قطعاً ناواقف ہیں، اور اب بھی کچھ لوگ ایسے ہیں جو انھیں مسلمان ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں۔"

کتاب بہرحال بہت معلومات افزا اور دلچسپ ہے۔

بہاء الدین زکریا

حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی قدس سرہ العزیز کے احوال و سوانح پر یہ جامع و مانع اور مستند و مکمل کتاب جناب مولانا نور احمد خاں فریدی نے تحریر فرمائی ہے، اور بلا خوفِ تردید یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ اس موضوع پر یہ کتاب یکتا اور منفرد ہے۔ انداز بیان کے اعتبار سے بھی، مواد اور معلومات کے اعتبار سے بھی۔ یہ کتاب قصر الادب (جگو والہ براہ لودھراں۔ ضلع ملتان) نے بڑے اہتمام سے عمدہ کاغذ پر، بہترین کتابت اور طباعت کے ساتھ شائع کی ہے۔ جلد بھی خوبصورت اور مضبوط ہے۔ قیمت سات روپے جو ضخامت (۳۳۶ صفحے) کو دیکھتے ہوئے ہرگز زیادہ نہیں ہے۔ یہ کتاب اپنی افادیت اور اہمیت کے لحاظ سے اس